# تحفظ

جنوری 2013ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)


قارئین کو سالِ نَو مبارک

## اسٹیٹ لائف کارپوریٹ سوشل ذمہ داریاں پوری کرے گی، شاہد عزیز صدیقی


کراچی میں سوگوار خاندان سے چیئر مین جناب شاہد عزیز صدیقی کا اظہار تعزیت اور مالی معاونت



چیئر مین جناب شاہد عزیز صدیقی، مرحوم اویس بیگ کے والد عبدالرشید بیگ کو دس لاکھ روپے کا
چیک دیتے ہوئے، اس موقع پر ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب عبدالحفیظ شیخ اور جناب شعیب میر میمن بھی موجود ہیں


- کراچی سینٹرل زون کی جانب سے پاکستان کی بزنس کمیونٹی کے اعزاز میں عشائیہ
- کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے کہنہ مشق افسران کی ریٹائرمنٹ
- لاہور میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور مارکیٹنگ کا اجلاس
- جنرل منیجر وریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم ریٹائر ہو گئے
- فیصل آباد زون کے ٹاپ پروڈیوسرز کی تقریب پذیرائی


مزید تفصیلات
اندرونی صفحات پر




فرمانِ الٰہی

دین کے معاملے میں کوئی زور زبردستی نہیں ہے۔ صحیح بات غلط خیالات سے الگ چھانٹ کر رکھ دی گئی ہے۔ اب جو کوئی طاغوت کا انکار کر کے اللہ پر ایمان لے آیا، اُس نے ایک ایسا مضبوط سہارا تھام لیا، جو کبھی ٹوٹنے والا نہیں، اور اللہ (جس کا سہارا اس نے لیا) سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔ جو لوگ ایمان لاتے ہیں، ان کا حامی و مددگار اللہ ہے اور وہ ان کو تاریکیوں سے روشنی میں نکال لاتا ہے۔ اور جو لوگ کفر کی راہ اختیار کرتے ہیں، اُن کے حامی و مددگار طاغوت ہیں اور وہ انہیں روشنی سے تاریکیوں کی طرف کھینچ لے جاتے ہیں۔ یہ آگ میں جانے والے لوگ ہیں، جہاں یہ ہمیشہ رہیں گے۔
(سورۃ البقرہ آیات 256 تا 257)




فرمانِ رسولؐ

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چار چیزیں جس شخص کو مل جائیں تو اسے دنیا اور آخرت کی بھلائی مل گئی۔ 1- اللہ کی نعمتوں پر شکر سے معمور دل 2- اللہ کا ذکر اور چرچا کرنے والی زبان 3- مصیبتوں کو سہنے والا جسم 4- ایسی بیوی جو شوہر کے مال کی حفاظت کرتی اور پاک دامن رہ کر زندگی گزارتی ہے۔ (ترغیب وترتیب)



قائداعظمؒ نے فرمایا

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ دنیا میں آپ کے ضمیر سے بڑھ کر کوئی شے نہیں ہے۔ جب آپ اپنے خدا کے حضور میں پیش ہوں تو آپ خود اعتمادی سے کہہ سکیں کہ مجھ پر جو فرائض عائد کیے گئے تھے وہ میں نے کامل دیانت، خلوص اور وفاداری سے ادا کر دیے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ اپنے اندر یہ جذبہ پیدا کرلیں گے اور اسی کے مطابق زندگی کا ہر کام انجام دیں گے۔
(سرکاری ملازمین سے خطاب، سبی 12 فروری 1948)



فرمودۂ اقبالؒ

کبھی اے نوجواں مسلم! تدبر بھی کیا تُو نے
وہ کیا گردوں تھا تُو جس کا ہے اِک ٹوٹا ہوا تارا
تجھے اس قوم نے پالا ہے آغوشِ محبت میں
کچل ڈالا تھا جس نے پاؤں میں تاجِ سرِ دارا
(بانگ درا)

خیال وافکار

# پُرسکون اور مطمئن مستقبل کی ضمانت

انسانی زندگی میں امید اس کرن کا نام ہے جو جینے کی راہ دکھاتی ہے۔

ہر صبح شام کا پیغام لاتی ہے اور ہر رات دن کے اجالے کی خبر دیتی ہے۔

لیکن زندہ رہنے کے لیے محض امید ہی کافی نہیں ہوتی اس کے لیے جدوجہد کی بھی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ زندگی پھولوں کی سیج نہیں اس کے سفر میں کانٹے بھی ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل و دانش سے نوازا ہے تا کہ وہ جیون راہ اپنی مرضی و منشا سے چن سکے۔

چنانچہ جو لوگ ہوش مندی سے کام لیتے ہیں وہی منزلیں بھی پاتے ہیں جو امید کی شمع جلا کر غور و فکر سے اپنے راستے کا انتخاب کرتے ہیں کامیابیاں انہی کے قدم چومتی ہیں۔

عقل و دانش کا تقاضا تو یہ ہے کہ محض امید کے سہارے زندگی بسر نہ کی جائے۔

اگر حال پریشان کن ہے تو مستقبل کو خوشگوار بنانے کی کوشش کی جائے یا آج پُرمسرت ہے تو پھر مستقبل کے لیے بھی اس کی ضمانت ڈھونڈی جائے۔

تمام عمر ہم محنت کرتے ہیں،

مشقت کرتے ہیں،

اپنے لیے اپنے پیاروں کے لیے۔ ان کی چھوٹی بڑی آرزوئیں پوری کرنے میں زندگی کی دوڑ میں مصروف رہتے ہیں۔

مگر کبھی کبھی تدبر سے کام نہیں لیتے۔

کامیاب زندگی گزارنے والے اپنے ''بھرپور'' کل کے لیے آج سوچتے ہیں۔

ہمیشہ اہداف کی تکمیل کے لیے منصوبہ بندی کرتے ہیں۔

دور اندیشی کا تقاضا یہی ہے۔

بیمہ زندگی بھی خوشیوں اور مسرتوں کا ایک ایسا راستہ ہے جسے دور اندیش اور دانش مند لوگ ہی اپناتے ہیں۔

اپنے لیے اپنے پیاروں کے لیے کیونکہ یہی ضمانت ہے پرسکون اور مطمئن مستقبل کی۔

ایڈیٹر
happylife2175@yahoo.com

مدیر: مظفر احمد (ڈپٹی جنرل منیجر)
نائب مدیر: محمد اعظم شاکر
معاون: محمد ناصر

نمائندہ سینٹرل ریجن: عبدالحفیظ انجم
ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ: ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ،
پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9،
ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، پوسٹ بکس
نمبر 5725، کراچی 75530
ٹیلی فون نمبر: (021)99202819

لے آؤٹ ڈیزائن: آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ
www.statelife.com.pk
پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔







# کے ای ایس سی آفس میں آتشزدگی

## کراچی میں سوگوار خاندان سے چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کا اظہار تعزیت اور مالی معاونت

گزشتہ دنوں کراچی میں واقع اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 11 میں کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کے دفتر میں آتشزدگی کے سانحے میں ایک نوجوان اویس بیگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ وہ کے ای ایس سی کے آفس میں ملازمت کے سلسلے میں انٹرویو کے لیے انتظار گاہ میں بیٹھا تھا کہ بجلی کے تاروں میں آگ بھڑک اٹھی۔ دھواں دیکھ کر اویس بیگ گھبرا گیا اور کھڑکی سے باہر نکلنے کی



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، مرحوم کے بھائی کو دلاسہ دیتے ہوئے

کوشش میں نیچے گر کر انتقال کر گیا۔

بلڈنگ کے چیف فائر آفیسر جناب احتشام الدین نے بتایا کہ بلڈنگ میں آگ بجھانے کا نظام موجود تھا جس کی وجہ سے بڑا جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ تاہم وفاقی وزیر تجارت جناب مخدوم امین فہیم کی ہدایت پر اسٹیٹ لائف نے آتشزدگی سے متاثرہ شخص کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ مزید برآں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی نے بلڈنگ میں پیش آنے والے حادثے کے حوالے سے انکوائری کا حکم دیا اور انکوائری کمیٹی کو ہدایت دی گئی کہ وہ حادثے کی مکمل رپورٹ فراہم کرے۔ چیئرمین اسٹیٹ لائف نے غیر جانبدارانہ تحقیقات کی غرض سے میسرز نیسپاک کو بھی ہدایت کی کہ آتشزدگی کی وجوہات اور آئندہ ایسے حادثات کے تدارک کی تجاویز مرتب کرے۔

اس سلسلہ میں ایک سادہ اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی نے مرحوم کے والد عبدالرشید بیگ اور دیگر اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت کیا اور دعا کی کہ مرحوم کو اللہ تعالیٰ اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے بعد ازاں جناب چیئرمین نے سوگوار خاندان کی مالی معاونت کرتے ہوئے اسٹیٹ لائف کی جانب سے دس لاکھ روپے کا چیک پیش کیا اور کہا کہ یہ رقم آپ کے دکھوں کا مداوا تو نہیں کر سکتی ممکن ہے آپ کی پریشانیوں میں کچھ حد تک کمی کر سکے انہوں نے اویس بیگ مرحوم کے بھائی جناب محمد حمزہ بیگ کے لیے اس کی مزید تعلیم مکمل ہونے تک معقول رقم (اسکالرشپ) دینے کا اعلان کیا۔ بعد ازاں ایک دوسری تقریب میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد مرحوم کے والد جناب عبدالرشید بیگ کو ڈھائی لاکھ روپے کے چیک کے ذریعے پہلی قسط ادا کی گئی۔ جناب چیئرمین نے کہا کہ اسٹیٹ لائف اپنی کارپوریٹ سوشل ذمہ داریاں پوری کرے گی۔ اس ضمن میں مجھ پر کسی کا دباؤ نہیں ہے اور میں اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہوں۔ جناب عبدالرشید بیگ نے اسٹیٹ لائف کے اس اقدام کی تعریف کی اور کارپوریشن کے لیے دعا کی۔ اس موقع اور سوگوار خاندان کے علاوہ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز جناب شعیب میر میمن، جناب محسن ایس حقانی، محترمہ طلعت وسیم، جناب محمد اسلم حیات اور جناب عبدالحفیظ شیخ کے علاوہ جنرل منیجر و ڈویژنل ہیڈز جناب محمد اذکار خان، ڈاکٹر غزالہ نفیس، سید محسن عباس، زونل ہیڈ محمد سعید خان، ڈپارٹمنٹل ہیڈ جناب مظفر احمد اور راقم الحروف بھی موجود تھے۔ (رپورٹ: محمد اعظم شاکر)



جناب شاہد عزیز صدیقی، مرحوم کے والد سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے



چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی، مرحوم کے والد عبدالرشید بیگ کو دس لاکھ روپے کا چیک دیتے ہوئے، اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹرز جناب عبدالحفیظ شیخ اور جناب شعیب میر میمن بھی موجود ہیں



مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی جارہی ہے



(دائیں سے بائیں) ڈاکٹر غزالہ نفیس، محمد اسلم حیات، شاہد عزیز صدیقی، عبدالرشید اور محمد سعید خان کا گروپ فوٹو




# چوہدری مدد علی انجم کی ریٹائرمنٹ پر لاہور سینٹرل زون کی خصوصی تقریب

گزشتہ دنوں لاہور زون سینٹرل کے زیر اہتمام ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم کی ریٹائرمنٹ کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تلاوت قرآن پاک کے بعد چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شاہد عزیز صدیقی جوکہ بیرون ملک مصروفیت کی بنا پر شرکت نہ کر سکے ان کا پیغام خصوصی طور پر سنوایا گیا۔ جناب چیئرمین نے چوہدری مدد علی انجم کی خدمات کو نہایت اعلیٰ انداز میں خراج تحسین پیش کیا اور ان کی ادارے کے ساتھ بے پناہ محبت، عقیدت کو اپنے خوب صورت الفاظ میں سراہا۔

اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب محسن ایس حقانی نے چوہدری مدد علی انجم کی 42 سالہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ہمیشہ فیلڈ ورکرز کی فلاح اور ادارے کی بہتری کی بات کی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لیے یہ بڑے اعزاز



چوہدری مدد علی انجم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے



جناب خالد منصور کو ریجنل چیف کا عہدہ سنبھالنے پر جناب نجم الحسن گلدستہ پیش کر رہے ہیں جناب محسن ایس حقانی، جناب مبارک احمد ملک، جناب مقصود احمد چوہدری اور سید حسن رضا مرحبا کہتے ہوئے

کی بات ہے کہ میں ان کو ایک شاندار اور پروقار بڑے اجتماع میں ان کی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے آیا ہوں۔

جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان نے کہا کہ چوہدری مدد علی انجم کے ساتھ کام کر کے میں نے ان کی ذات سے بہت کچھ سیکھا مجھے ہمیشہ ان کی شخصیت سے ایک ہی درس ملا کہ وہ ہمیشہ بیمہ کی بات کرتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج کا یہ شاندار اجتماع اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ جو انہوں نے کہا وہ کر کے دکھایا۔ میں ان کی خدمات کو سلام پیش کرتا ہوں اور اس موقع پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس پروقار تقریب کو رونق بخشی۔



جناب مقصود احمد چوہدری کو خوش آمدید کیا جا رہا ہے، تصویر میں جناب مبارک احمد، جناب محمد اذکار خان، سید حسن رضا اور جناب محمد اصغر نمایاں ہیں

ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب مقصود احمد چوہدری نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے اتنی کثیر تعداد میں انہیں ہاروں سے نوازا اور لاہور آمد پر خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ وہ آپ تمام لوگوں کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے اور آپ کے بھرپور تعاون سے سینٹرل ریجن اور کارپوریشن میں نمایاں مقام حاصل کریں گے۔



فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر، چوہدری مدد علی انجم کو فیلڈ فورس کی جانب سے گلدستہ پیش کرتے ہوئے، اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محسن ایس حقانی، سابق ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب مبارک احمد ملک اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان مسرت کا اظہار کر رہے ہیں

چوہدری مدد علی انجم نے اپنی 42 سالہ کارکردگی کے اختتام پر بڑے جذباتی انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ہمیشہ آپ لوگوں کی خدمت کو عبادات سمجھ کر سرانجام دیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے کیریئر کے آغاز سے لے کر انجام تک اپنی تمام تر کوششوں سے فیلڈ ورکرز اور ادارے کی بہتری کے لیے کام کیا ہے اور اس کے ثمرات میں سینٹرل ریجن وملتان ریجن میں آج فیلڈ ورکرز خوش حال اور کام میں مصروف عمل ہیں اور انشاءاللہ تعالیٰ اس میں مزید بے پناہ اضافہ ہوگا، میری زندگی کا مقصد صرف اور صرف ادارے کے لیے کام کرنا تھا۔ میں جناب نجم الحسن زونل سربراہ سینٹرل زون کا بے حد ممنون اور ان کے دیگر ساتھیوں جنہوں نے میری ریٹائرمنٹ پر اس بڑے شاندار اجتماع کا انعقاد کیا اور تمام حاضرین محفل تمام سینئر ریٹائرڈ وحاضر سروس افسران اور خصوصاً جناب مبارک احمد ملک کا شکریہ ادا کرتا ہوں جو عزت افزائی کے لیے یہاں خصوصی طور پر تشریف لائے۔

تقریب کے اختتام پر زونل ہیڈ سینٹرل جناب نجم الحسن نے تقریب میں خصوصی آمد پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محسن ایس حقانی، جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور دیگر تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ جنہوں نے اس تقریب کے لیے خصوصی طور پر وقت دیا۔ فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن اور تمام نمائندوں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے تقریب میں بھرپور شرکت کر کے چوہدری مدد علی انجم سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔



رپورٹ: محمد مبشر حنیف، زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، سینٹرل زون، لاہور




# ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا دورہ ایبٹ آباد زون



ایبٹ آباد زون کی جانب سے جناب محسن ایس حقانی کو تحفہ پیش کیا جا رہا ہے اس موقع پر جناب مقصود احمد چوہدری، جناب عبدالستار جاوید اور دیگر افراد موجود ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محسن ایس حقانی کے استقبال کا ایک منظر

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محسن ایس حقانی اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد پہلی بار ایبٹ آباد زون تشریف لائے تو فیلڈ کی ایک کثیر تعداد نے طلائی ہار پہنا کر ان کا استقبال کیا اور ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ میٹنگ ہال پہنچنے پر حاضرین نے کھڑے ہو کر تالیوں کی گونج میں ان کا استقبال کیا۔

زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا اور فیلڈ سے یہ عہد لیا کہ ان کی آمد کی خوشی میں بہترین کاروباری نتائج کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔

ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا جناب محسن ایس حقانی کی بطور ایگزیکٹیو ڈائریکٹر (مارکیٹنگ) تقرری سے مارکیٹنگ کا شعبہ اور مضبوط ہوا ہے جس سے کاروبار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محسن ایس حقانی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ مارکیٹنگ کا شعبہ ان کے لیے نیا ہے تاہم وہ مارکیٹنگ کے شعبہ سے منسلک لوگوں کے تعاون سے اس میں مزید بہتری لانے کے لیے اپنی بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے پرنسپل آفس سے متعلق مسائل کے فوری حل کا یقین دلایا۔

رپورٹ عبدالرشید
اسسٹنٹ منیجر (زونل ہیڈ سیکریٹریٹ)

# ایبٹ آباد زون کے زیرِ اہتمام عید ملن پارٹی کا انعقاد

گزشتہ دنوں کاروباری اہداف کے حصول کو ہر صورت ممکن بنانے کے لیے انعامی مقابلے عید ملن پارٹی کا اعلان کیا گیا تھا جس میں کامیاب فیلڈ کارکنان کے اعزاز میں ایک خوبصورت تقریب مقامی ہال میں منعقد کی گئی۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی زونل سربراہ ایبٹ آباد زون جناب عبدالستار جاوید تھے۔ حاضرین کے خون کو گرمانے کے لیے بانسری کے مشہور فنکار کو خاص طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ حاضرین میں سے کچھ ساتھیوں نے بانسری اور ڈھول کی تھاپ پر خوب بھنگڑا ڈالا۔

اس تقریب میں 25 سیلز منیجرز کو مدعو کیا گیا تھا۔ اس ضمن میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر رننگ ٹرافی محمد ساجد سیلز منیجر ہری پور کے حوالے کی گئی۔ محمد ساجد سیلز منیجر نے تین ماہ لگاتار پہلی پوزیشن حاصل کر کے رننگ ٹرافی مکمل جیتنے کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ سیلز نمائندگان، سیلز افسران اور سیلز منیجران کے مابین باہمی مقابلہ جات ہوئے۔ ماہ ستمبر کے انعام یافتگان کو انعامات دیے گئے۔ زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید نے اپنے خطاب میں ترقی پانے والے دو نئے ایریا منیجرز اور ایک سیکٹر ہیڈ کو مبارک باد دیتے ہوئے حاضرین سے کہا کہ آپ کے لیے اس سے بڑھ کر موٹیویشن کیا ہو سکتی ہے کہ آپ ایسے ادارے سے منسلک ہیں جہاں بے شمار آمدن کے ساتھ ساتھ اعلیٰ عہدوں پر ترقی بھی دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ افرادی قوت میں اضافہ کرو کیونکہ خوشحال اور روشن مستقبل آپ کا منتظر ہے۔ تمام حاضرین نے زونل سربراہ کی سبق آموز باتیں سننے کے بعد اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے کاروبار میں اضافے کے لیے ہمہ وقت مصروفِ عمل رہیں گے۔

رپورٹ عبدالرشید
اسسٹنٹ منیجر، زونل ہیڈ سیکریٹریٹ



زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید زون کی سیلز نمائندہ کو کیش انعام دے رہے ہیں



سیلز منیجر جناب جاوید خان رننگ ٹرافی سیلز منیجر جناب محمد ساجد کے حوالے کر رہے ہیں، اس موقع پر زونل سربراہ جناب عبدالستار جاوید بھی موجود ہیں



شرکا عید ملن پارٹی

# کھیل، تفریح اور ورزش انسان کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

## اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی پکنگ کے یادگار لمحات کا احوال



پرنسپل آفس کراچی

کھیل ہو، تفریح ہو یا ورزش، انسان کو صحت مند رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

طبی ماہرین کا کہنا ہے کہ درمیانی عمر کے لوگوں کے لیے کھیل، تفریح اور ورزش دوسرے لوگوں سے زیادہ ضروری ہیں۔ اس سے ذہنی دباؤ کم ہوتا ہے اور ذہنی صلاحیتیں بڑھتی ہیں۔ شریانوں کی حالت بہتر ہوتی ہے اور خون کا دباؤ ٹھیک رہتا ہے جس سے دماغ کی کارکردگی میں حیران کن بہتری آتی ہے جبکہ کراچی کے کشیدہ حالات کے پیشِ نظر ہر فرد ذہنی دباؤ کا شکار ہے۔

اسی فلسفے کے پیشِ نظر گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی جانب سے اپنے ممبران کو تفریح فراہم کرنے کے لیے پکنک کا پروگرام بنایا گیا۔ کلب کی نئی منتخب باڈی کے ارکان اور کلب کے صدر مرزا اقبال بیگ اور ان کی ٹیم کی خصوصی دلچسپی کے نتیجے میں تفریحی پروگرام تشکیل دیا گیا۔ اس ضمن میں بن قاسم ٹاؤن میں واقع طائف فارم ہاؤس کا انتخاب کیا گیا۔

اس سلسلے میں 5 اکتوبر 2012ء کی شام 7 بجے پرنسپل آفس سے تمام ممبران بسوں میں سوار ہو کر روانہ ہوئے اور رات 9 بجے فارم ہاؤس پہنچنے کے بعد شرکاء کو رات کا کھانا پیش کیا گیا۔ انہیں تفریح فراہم کرنے کے لیے موسیقی کے پروگرام کا انتظام کیا گیا تھا جہاں وہ رات بھر غزلوں، گیتوں اور صوفیانہ کلام سے محظوظ ہوتے رہے جبکہ ایمپلائز فیڈریشن کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل چوہدری وقار حسین نے صوفیانہ کلام اور گیت گا کر شرکاء پکنک سے داد وصول کی۔

اگلے روز صبح تمام شرکاء نے حلوہ پوری کا ناشتہ کیا اور تین ریسٹ ہاؤس، جو فارم ہاؤس کے بڑے رقبے پر محیط ہیں، وہاں سوئمنگ پول میں نہا کر لطف اندوز ہوتے رہے۔

پکنک پوائنٹ انتہائی بارونق، سرسبز و شاداب اور دل لبھانے والا منظر پیش کرنے میں اپنی مثال آپ تھا۔ اس تفریحی دورے کو ایک سنگِ میل قرار دیتے ہوئے ممبران کلب نے اس تسلسل کو جاری رکھنے کے عزم کی تجدید کی۔ دن بھر کی تفریح اور ٹھنڈے پانی سے لطف اندوز ہونے کے مصروف شیڈول کے بعد اگلے روز کی شام تک پکنک کے یادگار لمحات سمیٹتے ہوئے واپس پرنسپل آفس آئے اور یہیں سے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔

واضح رہے کہ اس پکنک میں آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر احمد فاروق، ایمپلائز فیڈریشن کے صدر جناب شاہد وحید، سیکریٹری جنرل جناب نعیم علی، صدر کراچی یونین جناب نعیم ابراہیم، جنرل سیکریٹری لاہور یونین جناب ساجد علی عباسی اور ڈپٹی سیکریٹری جنرل چوہدری وقار حسین بھی موجود تھے۔

(تحفظ رپورٹ)



سوئمنگ پول میں نہانے کا ایک خوبصورت منظر



اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کے صدر مرزا اقبال بیگ، اسسٹنٹ سیکریٹری جنرل سہیل اقبال، فنانس سیکریٹری اعظم علی، ممبرز سلیم انصاری اور محمد شفیق کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

## اچھے کارکن کا دستور عمل

1- اچھا کارکن ہمیشہ وقت کی پابندی کرتا ہے، اپنا کام جی لگا کر کرتا ہے اور کام پر وقت سے دس منٹ پہلے پہنچ جاتا ہے۔
2- اپنا کام نہایت شوق سے بخوبی سرانجام دیتا ہے۔
3- اپنے کام کو پورا کرنے کے لیے آسان طریقے وضع کرتا ہے اور نیا کام سیکھنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرتا۔
4- ادارے کی ترقی کے ساتھ ساتھ اپنی ترقی کا خیال رکھتا ہے اور کاروبار میں اضافہ کرنا اپنا فرض سمجھتا ہے۔
5- کبھی وقت ضائع نہیں کرتا، کوئی بہت ضروری کام پڑ جائے تو درخواست کے ذریعہ باقاعدہ چھٹی حاصل کرتا ہے۔
6- ادارے کی چیزوں کی حفاظت کرتا ہے، ان کا استعمال احتیاط سے کرتا ہے اور کسی چیز کو ناکارہ یا ضائع ہونے نہیں دیتا۔
7- دفتر کی مشینوں کی حفاظت کرتا ہے اور انہیں کمال احتیاط سے استعمال کرتا ہے۔
8- اگر کوئی شکایت ہو تو لڑنے جھگڑنے کے بجائے اپنی شکایات اپنے افسرانِ بالا تک پہنچا کر فیصلے کا انتظار کرتا ہے۔
9- کسی کی غیبت اور چغلی نہیں کرتا بلکہ ہمہ وقت دوسروں کی بھلائی میں کوشاں رہتا ہے۔
10- کبھی کسی کے بہکانے سے غلط قدم نہیں اٹھاتا بلکہ اپنی عقل سے کام لیتا ہے۔
11- سچائی اور راستی کو کسی حالت میں بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتا۔
12- اپنے ساتھیوں کے دکھ درد میں برابر کا شریک رہتا ہے ہمیشہ اخلاقی جرات کا مظاہرہ کرتا ہے۔




# ناردرن ریجن کاروباری مقابلہ کے تحت ریجنل میلہ کی رنگارنگ تقریب

ناردرن ریجن کی فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ زاور زونل ہیڈ ز نے ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری کے اعلان کردہ انعامی مقابلہ ''ریجنل میلہ'' کی خوبصورت تقریب میں شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان اور ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان تھے۔

اس میلے کے انعقاد کے لیے ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری نے دسمبر 2011ء میں ایک مقابلے کا اعلان کیا جس میں شرکت کے لیے سیلز ریپرزنٹیوز سے سیکٹر ہیڈ تک سال اول پریمیئم کا مخصوص کوٹہ طے کیا گیا تھا۔ ناردرن ریجن سے وابستہ مارکیٹنگ کے ساتھیوں نے اس کانٹیسٹ کو کوالیفائی کرنے میں خوب دلچسپی لی اور تقریباً 700 افراد نے یہ مقابلہ جیتا۔

اس میلہ کی خوبصورت اور یادگار تقریب لوک ورثہ (شکر پڑیاں) اسلام آباد کے پرفضا مقام پر منعقد کی گئی جس میں کمپیئرنگ کے فرائض جناب خالد منصور نے ادا کیے۔

شرکاء میلہ کا استقبال ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری اور دیگر زونل ہیڈ صاحبان نے کیا۔

میلہ کے مندوبین کی آؤ بھگت کے لیے کھانے پینے کی انواع واقسام اشیاء کے علاوہ فیلڈ کے ساتھیوں کو صحت مند اور چاق و چوبند رکھنے کے لیے مختلف قسم کے کھیلوں کا اہتمام کیا گیا تھا۔ کھیلوں کے دوران کھلاڑیوں میں دلچسپ مقابلے بھی کرائے گئے ان مقابلہ جات میں اول دوم پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات دیے گئے۔ انعامی مقابلہ جات نعت خوانی میں گجرات زون کے جناب شہزاد علی نے پہلا جبکہ راولپنڈی زون کے جناب تنویر اختر نے دوسرا انعام حاصل کیا۔ تقریری مقابلہ میں ایبٹ آباد زون کے جناب جاوید احمد خان نے پہلا جبکہ راولپنڈی زون کے جناب فیض اکبر نے دوسرا انعام حاصل کیا۔

دوڑ کے مقابلے میں پہلا انعام میرپور زون کے جناب کامران شہزاد، دوسرا انعام ایبٹ آباد زون کے جناب محمد ساجد نے حاصل کیا جبکہ بازوگری کا مقابلہ سوات زون کے جناب احسان اللہ نے جیت لیا۔ میوزیکل چیئر کا مقابلہ گجرات زون کے جناب شہزاد علی نے جیتا۔

رسہ کشی کا فائنل گجرات زون اور میرپور زون کے مابین ہوا اور یہ مقابلہ گجرات زون نے بڑے دلچسپ مقابلہ کے بعد جیت لیا۔ اسی طرح ایپل بائیٹ کا مقابلہ راولپنڈی زون کے جناب محمد محبوب نے جیت لیا۔ میلے کی تقریب کا ایک دلچسپ پہلو اس میں موسیقی کے عنصر کا شامل ہونا تھا۔ جس میں موسیقاروں نے اپنے فن کا خوب جادو جگایا اور سامعین سے بے پناہ داد وصول کی۔

اس موقع پر ریجنل چیف (نارتھ) جناب مقصود احمد چوہدری کے علاوہ مہمان خصوصی ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے فیلڈ فورس کو میلے میں شرکت کے لیے کوالیفائی کرنے پر مبارک باد دی اور مقابلہ جیتنے والوں کو داد و تحسین پیش کی۔ انہوں نے فیلڈ فورس پر زور دیا کہ وہ بیمۂ زندگی کا پیغام گھر گھر گاؤں گاؤں پہنچائیں۔ چونکہ بے شمار گھرانے ابھی تک بیمۂ زندگی کی افادیت سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیمۂ زندگی کا پیشہ ایک مقدس پیشہ ہے جس میں دین اور دنیا دونوں میں بھلائی میسر ہوتی ہے۔

انہوں نے آرگنائزر حضرات کو بھی اپنی اپنی ٹیم میں مستعد اور خدمت کے جذبہ سے سرشار نوجوانوں کو شامل کرنے کی تاکید کی تاکہ وطن عزیز کی معیشت بہتر ہو سکے اور نوجوانوں کو شاندار مستقبل مل سکے۔


اپیل بائیٹ مقابلہ میں کھلاڑیوں کی کاوش کا ایک منظر


زونز کے مابین رسہ کشی کے مقابلہ کا منظر


جنرل منیجر مارکیٹنگ جناب محمد اذ کار خان کامیاب کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں ریجنل چیف جناب خالد منصور ناموں کا اعلان کر رہے ہیں جبکہ زونل ہیڈز اور دیگر افراد بھی نمایاں ہیں


ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایم اذ کار خان، ریجنل چیفز جناب مقصود احمد چوہدری اور جناب خالد منصور تقریب سے خطاب کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب ٹیم کی جیت پر خوشی کا منظر



رپورٹ لیاقت علی خان
اسسٹنٹ جنرل منیجر (مارکیٹنگ)
ناردرن ریجن، اسلام آباد



سینٹرل ریجن

# فیصل آباد زون کے ٹاپ پروڈیوسرز کی تقریبِ پذیرائی

جناب مقصود احمد چوہدری کی بطور ریجنل چیف (سینٹرل ریجن) تعیناتی پر پُرتپاک استقبال اور شاندار تقریب کا احوال



زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد اور ریجنل چیف سینٹرل ریجن جناب مقصود احمد چوہدری کو ان کی فیصل آباد آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے

کارپوریشن کی تاریخ میں چار ریجنز میں سے تین ریجنز کے سربراہ رہنے والے جناب مقصود احمد چوہدری نے تقریباً 32 سال قبل فیصل آباد سے اسٹیٹ لائف میں بطور سیلز نمائندہ کیریئر کا آغاز کیا۔ گزرتے وقت کے ساتھ انہوں نے ترقی کرنے اور کاروباری اہداف کی تکمیل کو اپنے لیے نشانِ منزل جانا۔ ان کی جہدِ مسلسل، عزمِ صمیم اور بہترین حکمتِ عملی نے سونے کو کندن بنادیا۔ جو اس بات کا قائل ہے کہ وقتی کامیابیوں کو ترقی کا زینہ نہ سمجھا جائے بلکہ اپنی کمزوریوں کو نگاہ میں رکھ کر ان کا تدارک کرنے کی سعی کی جائے۔ ہمیشہ اپنے ہم عصروں میں قد آور شخصیت بننے کے لیے ترقی کے بہت سے مدارج اور زینوں سے کامیاب و کامران ہو کر نکلنے میں جہاں ان کی اپنی ذاتی کاوشیں کار فرما تھیں، وہاں وہ اپنے سینئرز کے بھی بے حد ممنون ہیں جن کی رہنمائی نے ان کی پیشہ ورانہ بالیدگی میں اہم کردار ادا کیا۔



ماہ ستمبر کی کارکردگی بنیاد پر (بائیں سے دائیں) جناب سجاد اکبر، جناب محمد رمضان شاہد، جناب مقصود احمد چوہدری، جناب محمد اکبر مغل، جناب محمد طلال یونس اور محترمہ زاہدہ پروین

جناب مقصود احمد چوہدری کے اعزاز میں فیلڈ ورکرز، ایریا مینیجرز، سیکٹر ہیڈز، ان کے پیشہ ورانہ دیرینہ رفیق اور زونل سربراہ کے ہمراہ افسران نے ان کا فقید المثال استقبال کیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور نعت خوانی سے ہوا۔ نظامت کے فرائض اے جی ایم (ایجنسی) جناب معظم علی معظم نے سرانجام دیے۔



ریجنل چیف سینٹرل جناب مقصود احمد چوہدری کو ان کی تعیناتی پر فیصل آباد آمد پر ان کا استقبال کا منظر

گزشتہ کارکردگی بنیاد پر سیکٹر ہیڈ جناب محمد اکبر مغل، ایریا منیجر جناب سجاد اکبر، سیلز منیجر ایم طلال یونس، سیلز آفیسر مسماۃ زاہدہ پروین، زونل سربراہ اور ریجنل چیف کے ہمراہ اسٹیج کی زینت بنے۔ شرکاء میٹنگ سے تقریر کے دوران صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب ساجد محمود شیخ نے ریجنل چیف (سینٹرل ریجن) تعیناتی پر جناب مقصود احمد چوہدری کو خوش آمدید کہا۔

سیکٹر ہیڈ جناب محمد اکبر مغل نے مقصود احمد چوہدری کی فیصل آباد زون میں تاریخی خدمات اور ان کے کیریئر پر بالتفصیل روشنی ڈالی۔ انہوں نے اچھی کارکردگی دکھانے کے حوالے سے پنتھر سیکٹر کے تینوں پوزیشن ہولڈرز کو مبارک باد دی۔

زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب محمد رمضان شاہد نے جناب مقصود احمد چوہدری کو بطور ریجنل چیف (سینٹرل ریجن) تعیناتی پر زبردست مبارک باد دی اور انہیں فیصل آباد زون میں سب سے پہلے دورہ کرنے پر خوش آمدید کہا۔ انہوں نے بالخصوص ٹاپ پروڈیوسرز جن میں جناب سجاد اکبر، میاں محمد اسلم، جناب ایم سلیم سیف، محمد سرور اور جناب ایم اکبر مغل اور چوہدری غلام رسول کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر مبارک باد دی۔

انہوں نے اپنے اس عزم کا اعادہ کیا کہ زون کے کم از کم 50 سیلز منیجرز اس سال ایک کروڑ فی کس کے حساب سے نئے بیمہ کا ریکارڈ قائم کریں گے۔

انہوں نے فیصل آباد کو دوارب نیا بیمہ کرنے پر ریجن بنائے جانے کے وعدے کو دہرایا اور باور کرایا کہ انشاء اللہ یہ ہدف بھی پورا کرلیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ اگر کوئی عزم اور ولولہ کے ساتھ منزل حاصل کرنا چاہے تو مقدر بھی اس کے پاؤں میں رکاوٹ نہیں بن سکتے۔ بعدازاں انہوں نے نئے بننے والے منیجرز جناب ایم اقبال پنچھی، جناب محمود جعفری اور جناب مقبول احمد راٹھ کو مبارک باد دی، ریجنل چیف نے نئے بننے والے ایریا منیجرز و زونل سطح پر ٹاپ سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز اور سیلز آفیسرز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ بعدازاں مقصود احمد چوہدری کو تالیوں کی گونج میں پگڑی پہنائی گئی۔

اس موقع پر ریجنل چیف سینٹرل مقصود احمد چوہدری نے اپنی تقریر میں فقید المثال استقبال اور انتظام و انصرام کرنے پر تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران واشگاف الفاظ میں کہا کہ میرے سینئرز نے مجھے اپنی کمزوریوں پر پہلے نظر ڈالنے اور ان کا علاج کرنے کی تربیت دی ہے۔ انہوں نے سوات زون کے ایریا منیجرز اور فیصل آباد زون کا سالانہ بنیاد پر کارکردگی کا موازنہ کیا اور ایریا منیجرز کو اپنی کارکردگی بہتر کرنے کی ترغیب دی۔ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جو اپنی منزل پر پہنچنا جانتے ہیں، وہ مشکلات سے نہیں گھبراتے۔ اور ہماری محدود خواہشات ہی ہماری آمدنی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔

تقریب کا اختتام تمام کاروباری مقابلے کے اہل شرکاء اور مہمانانِ گرامی قدر کی ضیافت پر ہوا۔

رپورٹ: سہیل نصیر میاں
ڈپٹی منیجر (زیڈ ایچ ایس)
فیصل آباد زون




## جنرل منیجر وریجنل چیف

# چوہدری مدد علی انجم

## ریٹائر ہو گئے

### ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے الوداعی تقریب

چوہدری مدد علی انجم اپنے کیریئر کی 40 سالہ خدمات پیش کرنے کے بعد گزشتہ دنوں ریٹائر ہو گئے۔ فیصل آباد زون کی جانب سے ان کے اعزاز میں شاندار تقریب منعقد ہوئی۔

اس رنگارنگ تقریب میں 500 سے زائد فیلڈ ورکرز شریک ہوئے جو ماہِ ستمبر 2012ء میں ''سلام چوہدری مدد علی انجم'' کے نام سے جاری ہونے والے مقابلے کے کوالیفائر تھے، یہ ان کی عظیم قائد کے ساتھ محبت کا عملی ثبوت تھا۔

اس موقع پر سابق زونل ہیڈ حاجی جی ایم غمزہ، سابقہ ریجنل چیف جناب محمد مشتاق چوہدری کو بھی مدعو کیا گیا تھا جنہوں نے چوہدری مدد علی انجم کو آج سے 40 سال پہلے سیلز نمائندہ بھرتی کیا تھا۔ ان دونوں شخصیات کی آمد نے تقریب کی رونق کو چار چاند لگا دیے۔

دورانِ تقریب رقت آمیز مناظر اس وقت دیکھنے کو ملے جب ہال میں موجود افراد نے بالعموم اور خصوصی طور پر تمام سیکٹر ہیڈز، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، ایریا منیجرز، ایسوسی ایشن یونین کے نمائندگان اور کوالیفائرز نے چوہدری مدد علی انجم کو گلدستے پیش کیے اور ہار پہنائے۔ یہ تمام لوگ گلدستے اور ہار اپنے ساتھ لے کر آئے تھے جو ان کے مخصوص علاقوں کی عکاسی کر رہے تھے۔ اس موقع پر زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے چوہدری مدد علی انجم کی دستار بندی کی۔

اس موقع پر زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری مدد علی انجم کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جو سورج اور چاند کی طرح ہوتے ہیں۔ چوہدری صاحب جیسے درویش صفت لوگ دنیا میں رہنے والے لوگوں کے دلوں کو روشن کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ وہ شخصیت ہیں جنہوں نے کبھی بھی اپنے قلم سے، اور نہ ہاتھ سے کسی کی دل آزاری کی۔ جنہوں نے ہمیشہ نہ صرف فرض شناسی بلکہ خود شناسی کا پیغام دیا۔


الوداعی تقریب کے دوران ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم کا زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد اور دیگر شرکاء کے ساتھ ایک یادگار تصویر

ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم کو خطاب کی دعوت پر شرکا نے تالیاں بلکہ ڈھول بجا کر اپنی محبت کا اظہار کیا گیا۔ اس وقت ایک میلہ کا سماں تھا۔ جہاں ایسی شخصیت کو دیکھ کر جوش و جذبہ نظر آ رہا تھا وہاں حاضرین الوداعی تقریب پر افسردہ بھی تھے۔ چوہدری صاحب نے اپنے خطاب میں جہاں اپنا کیریئر بیان کیا، وہاں تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ آج کے لمحات جہاں ایک نئی تاریخ لکھیں گے، وہاں میرے لیے ہمیشہ یادگار بھی رہیں گے۔ انہوں نے جناب محمد رمضان شاہد زونل سربراہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا ذکر کیا جن کی بدولت فیصل آباد زون کامیابی کی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ ان کی سربراہی میں فیصل آباد نے ارب پتی زون ہونے کا اعزاز حاصل کیا ہے۔ مجھے امیدِ واثق ہے کہ یہ زون انہی کی سربراہی میں ڈبل ارب پتی زون ہونے کا اعزاز بھی حاصل کرے گا۔


رپورٹ معظم علی معظم،
فیصل آباد زون



چوہدری مدد علی انجم کو سیلز نمائندہ بھرتی کرنے والی شخصیات حاجی جی اے غمزہ، اور جناب محمد مشتاق چوہدری کا الوداعی تقریب کے دوران چوہدری مدد علی انجم کے ساتھ ایک یادگار تصویر


چوہدری مدد علی انجم، جناب محمد رمضان شاہد، جناب محمد مشتاق چوہدری اور جناب حاجی جی اے غمزہ خطاب کرتے ہوئے


شرکا تقریب



ملتان ریجن

# اسٹیٹ لائف کے کارکن کی حیثیت سے اپنا محاسبہ کریں
## چوہدری اختر حسین
### ملتان زون میں نیو بزنس کے شعبہ پالیسی بانڈ کی میٹنگ کا انعقاد

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف ملتان زون میں نیو بزنس کے شعبہ پالیسی بانڈ کے افسران اور اسٹاف ممبران کی ایک میٹنگ کا اہتمام زونل سربراہ چوہدری اختر حسین کی زیرِ قیادت کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ اس سادہ مگر پروقار تقریب کا مقصد ملتان زون کے نمایاں اسٹاف ممبران کو ان کے عمدہ کام کی بدولت خراجِ تحسین پیش کرنا تھا جنہیں زونل سربراہ چوہدری اختر حسین نے 31 جولائی 2012ء تک کے پالیسی بانڈ 15 ستمبر تک مکمل کرنے کا ہدف دیا تھا جسے اپنے مقررہ وقت پر مکمل کرلیا گیا۔

بعد ازاں زونل سربراہ چوہدری اختر حسین نے اپنے خطاب میں ''ہم اور ہماری ذمہ داریاں'' کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم اسٹیٹ لائف کے کارکن کی حیثیت سے اپنا محاسبہ کریں کہ جہاں جس جگہ، جو بھی فرض سرانجام دے رہا ہو، کیا اس میں دیانت داری کا عنصر موجود ہے؟ میرے کام کے جو بھی تقاضے ہیں وہ پورے کر رہا ہوں، کیا وہ پورے ہو رہے ہیں؟ خوش گپیاں میرا کتنا وقت ضائع کردیتی ہیں؟ میری ذات سے میرے ادارے کو فائدہ پہنچ رہا ہے؟ اس طرح کے کئی سوال جو ہمیں اپنے آپ سے کرنا ہوں گے، جوابات کی روشنی میں اپنے اندر تبدیلی لانا ہوگی۔ تبدیلی کے بعد یقیناً آپ اور ہم مل کر اس عظیم ادارے کے معزز پالیسی ہولڈرز کو پہلے سے بہتر سروس مہیا کرسکیں گے۔

بعد میں زونل سربراہ نے بہترین کارکردگی کے حامل اسٹاف ممبران اور آفیسران کو تحائف بھی پیش کیے۔ انچارج نیو بزنس جناب محمود احمد نے زونل سربراہ کے اس اقدام کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کیا جن کی ذاتی کوششوں سے اس تقریب کا انعقاد ممکن ہوا۔ اس عمل سے نہ صرف حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ ہم آپ کے شکریہ پہلے سے زیادہ کام کرکے ادا کریں گے۔ جس پر تمام شرکاء نے انشاء اللہ کہا اور کہا کہ ہم پچھلے ہفتہ میں کی گئی پالیسیوں کے بانڈ اگلے ہفتہ میں دینے کا عزم رکھتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر پرتکلف لنچ کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔



زونل ہیڈ ملتان چوہدری اختر حسین اسٹاف ممبران کو ان کی اعلیٰ کارکردگی پر تحائف دیتے ہوئے، تصویر میں انچارج نیو بزنس جناب محمود احمد اور سیکٹر ہیڈ چوہدری محمد یوسف مختار نمایاں ہیں



رپورٹ: محمد افضال قمری
پی اے ٹو زونل ہیڈ ملتان زون

# ملتان زون میں عید میوزیکل میلہ کا انعقاد
## ریجنل چیف اور زونل ہیڈ ملتان کی خصوصی شرکت



ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان، زونل سربراہ ملتان، چوہدری اختر حسین، فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکریٹری مرزا ناصر بیگ اور سیکٹر ہیڈ جناب طارق صدیق شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے

ملتان زون کی مارکیٹنگ فورس کی طرف سے اعلان کردہ کنٹیسٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر خراج تحسین پیش کرنے کے لیے عید میوزیکل میلہ کا اہتمام کیا گیا جس میں ملتان کے سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، ڈپارٹمنٹل ہیڈز، فیلڈ و اسٹاف کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل چیف ملتان ریجن جناب طاہر احمد خان تھے۔ زونل سربراہ ملتان زون چوہدری اختر حسین نے اپنے استقبالیہ خطاب میں ریجنل چیف جناب طاہر احمد خان کو یقین دلایا کہ سال 2012ء ملتان زون کا سال ہے اور کہا کہ یہاں موجود ملتان زون کے جفاکش بیمہ کاروں کی آنکھوں کی چمک اور چہرے پر لکھے عزم سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ اب ہمارے زون کا کام اور نام کارپوریشن کے ماتھے کا جھومر ہوگا۔

بعد ازاں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے پلیٹ فارم سے جناب مرزا ناصر بیگ نے کہا کہ ہم دن رات کام کام اور کام کے عزم کا وعدہ کرتے ہیں اور ملتان زون کو نمبر ون پوزیشن پر لانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اس کے بعد بذریعہ قرعہ اندازی کنٹیسٹ جیتنے والوں کو لاکھوں روپے کے انعامات دیئے گئے۔ جس کو پاکر شرکاء میں کام کی نئی امنگ نے جنم لیا۔

اس موقع پر ریجنل چیف ملتان جناب طاہر احمد خان نے اپنے قائدانہ خطاب میں کہا کہ ملتان زون کی کارکردگی پر مجھے پورا بھروسہ ہے اور مجھے قوی امید ہے کہ ملتان زون اپنے تمام اہداف پورے کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے بروقت تقریب کے انعقاد پر زونل سربراہ ملتان چوہدری اختر حسین کا شکریہ ادا کیا۔ شرکاء کے لیے ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا۔






# کراچی سینٹرل زون کی جانب سے پاکستان کی بزنس کمیونٹی کے اعزاز میں عشائیہ کا احوال

اسٹیٹ لائف انشورنس آف پاکستان کراچی سینٹرل زون کی جانب سے زونل سربراہ محمد خالد شیخ نے پاکستان کی بزنس کمیونٹی کے ممتاز رہنما سابق وزیر مملکت حکومت پاکستان جناب ایس ایم منیر، وائس چیئرمین مسلم کمرشل بینک اور پاکستان انڈیا چیمبرز آف کامرس کے صدر اوران کے ساتھیوں جناب یٰسین ملک، چیئرمین ہلٹن فارما اور سابق چیئرمین پاکستان اسٹیٹ آئل، میاں زاہد حسین، جناب فضل قادر شیرانی صدر پاکستان فیڈریشن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اعزاز میں عشائیہ کا اہتمام کیا جس میں جناب محمد یحییٰ سابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اسٹیٹ لائف جو اس وقت بحیثیت ڈائریکٹر انٹیلیجنس کسٹمز کراچی کے طور پر تعینات ہیں۔ الوداعیہ تقریب کے طور پر بھی اس تقریب کا اہتمام تھا۔ جس میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز جناب شعیب میر میمن، جناب عبدالحفیظ شیخ کے علاوہ اسٹیٹ لائف کے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان، ریجنل چیف ساؤتھ ریجن جناب حسن رضا کے علاوہ مختلف شعبہ محکموں کے اعلیٰ افسران بھی شامل تھے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر کسٹمز انٹیلیجنس جناب واصف محسن، ڈائریکٹر ایکسائز کراچی جناب کنور عامر جمیل، ایڈیشنل کلکٹر جناب ڈاکٹر ندیم میمن، ایڈیشنل کمشنر انکم ٹیکس جناب اشفاق تونیو، ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے (انٹرپول) جناب عبدالحمید بھٹو، پاکستان آرمی کے بریگیڈ جناب محمود رضا کے علاوہ ماس لاجسٹک کمپنی کے چیف صمیم انصاری شامل تھے۔ جناب محمد یحییٰ نے اسٹیٹ لائف میں گزارے ہوئے وقت کا ذکر کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ یہ ادارہ دن دوگنی رات چوگنی ترقی کی طرف گامزن رہے گا۔


زونل سربراہ محمد خالد شیخ، ممتاز تاجر جناب ایس ایم منیر، وائس چیئرمین ایم سی بی بینک اور ڈائریکٹر کسٹم انٹیلیجنس جناب محمد یحییٰ کو گلدستہ پیش کررہے ہیں


ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان، وائس چیئرمین ایم سی بی کو گلدستہ پیش کررہے ہیں، محمد خالد شیخ بھی اس موقع پر موجود ہیں


صدر فیڈریشن چیمبرز آف کامرس جناب فضل قادر شیرانی، سابق چیئرمین پی ایس او اور چیئرمین ہلٹن فارما پاکستان کو گلدستہ پیش کررہے ہیں

جناب ایس ایم منیر نے محمد خالد شیخ اور اسٹیٹ لائف کا شکریہ ادا کیا اور دعا کی کہ اسٹیٹ لائف پاکستان کے اہم ترین اور کامیاب کارپوریشن کی صف میں موجود ہے۔ جناب محمد خالد شیخ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بزنس برادری بالخصوص کراچی کے فیکٹری مالکان کو اپنے ورکرز کے لیے انشورنس کا ایسا تحفظ حاصل کرنا چاہیے جس میں ناگہانی موت کی صورت میں جیسا کہ بلدیہ ٹاؤن کی ایک فیکٹری کے حادثے میں دوسو سے زائد فیکٹری ورکرز انتقال کر گئے، معقول معاوضہ مل سکے بلکہ جب وہ سروس سے ریٹائر ہوں تو ان کو پالیسی کی میچورٹی کی شکل میں ایک فنڈ مل سکے جس کی سرمایہ کاری اس ورکر کے لیے پینشن بن سکے۔ تقریب کے اختتام پر ڈویژنل ہیڈ جناب اذکار خان نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور مہمان خصوصی جناب ایس ایم منیر کو گلدستہ پیش کیا۔

جناب ایس ایم منیر نے محمد یحییٰ، جناب یٰسین ملک اور میاں زاہد حسین کے علاوہ جناب فضل قادر شیرانی صدر پاکستان فیڈریشن چیمبر آف کامرس کو خوبصورت پھولوں کے تحفے پیش کیے۔ جناب حسن رضا ریجنل چیف ساؤتھ نے تمام مہمانوں کی عشائیہ کے لیے مدعو کیا اور اس طرح یہ یادگار تقریب جس میں ہر شعبہ زندگی کے اعلیٰ افسران، اسٹیٹ لائف انشورنس کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز اور بالخصوص کراچی کی ٹاپ بزنس کمیونٹی لیڈر نے شرکت کرکے اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔


رپورٹ: آصف پرویز زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، کراچی سینٹرل زون


زونل سربراہ محمد خالد شیخ کی طرف سے دیئے گئے عشائیہ میں جناب ایس ایم منیر، جناب محمد یحییٰ، جناب فضل قادر شیرانی، جناب ندیم میمن، جناب کنور عامر جمیل، جناب اشفاق، جناب عبدالحمید بھٹو موجود ہیں



سینٹرل ریجن

# فیلڈ فورس فیصل آباد زون کو عظیم سے عظیم تر زون بنائے گی، مقصود اے چوہدری

## محنت، لگن و جوش و جذبہ جاری رہے گا، رمضان شاہد کانٹیسٹ تقریب کا احوال



ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کا تقریب میں آمد پر استقبال کا ایک منظر



جناب مقصود احمد چوہدری، زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فیصل آباد زون میں مقابلہ برائے فیلڈ فورس ماہ اکتوبر 2012ء میں ''خوش آمدید جناب چوہدری مقصود احمد'' کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا جس کی سربراہی زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد نے کی اور تقریب کے مہمان خصوصی ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری تھے۔ اس مقابلے میں فیلڈ فورس نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا اور کامیاب کیا۔ اس موقع پر کامیاب بیمہ کاروں میں شیلڈز تقسیم کی گئیں۔ جناب مقبول احمد راٹھ جو حال ہی میں سیکٹر ہیڈ بنے جن کو سیکٹر ہیڈ کی حیثیت سے اپنے پہلے ماہ اکتوبر میں 52 فیصد اضافہ دکھانے پر مبارک باد دی گئی اور کرسی صدارت پیش کی گئی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں اپنی کامیابی کی داستان پر روشنی ڈالی جو حاضرین کے لیے بھی جوش و جذبہ ثابت ہوئی۔

زونل سربراہ جناب محمد رمضان شاہد نے اس خوب صورت موقع پر ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اگرچہ آج ہم کانٹیسٹ کی تقریب کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں جن کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہونی چاہیے تھی نہ ہوسکی مگر ہماری محنت اور کاوش مزید جوش جذبہ کے ساتھ جاری رہیں گی تاکہ اس سال کا اختتام شاندار طریقے سے کرسکیں بلکہ کارپوریشن میں ایک نئی تاریخ رقم کرسکیں انہوں نے اپنے خطاب میں زون کی طرف سے ماہ نومبر 2012ء کے جاری شدہ مقابلہ 2 رات کا قیام مری/ پی سی بھوربن پر بھی روشنی ڈالی۔

اس موقع پر ریجنل چیف جناب مقصود احمد چوہدری نے کہا کہ انسان کو جاگتے ہوئے خواب دیکھتے رہنا چاہیے جو لوگ زیادہ خواب دیکھتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔ انہوں نے تمام مقابلہ جیتنے والوں خصوصاً زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد کو پاکستان کے سب سے بڑے زون کو شاندار طریقے سے چلانے پر مبارک باد دی انہوں نے کہا کہ انہیں اتنے بڑے زون کی سربراہی کے فرائض ادا کرنے میں جہاں چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی کی کوشش تھی وہاں میری سفارشات بھی شامل تھیں تو یہ ان کی لگن، پیشے سے محبت اور کام نے ثابت کردیا کہ یہ انتظامیہ کا صحیح فیصلہ تھا جہاں انہوں نے ڈی جی خان زون کو ایک چھوٹے زون سے بڑا زون بنادیا تھا۔ وہاں اب فیصل آباد جیسے بڑے زون کو عظیم سے عظیم تر بنائیں گے۔ میری خصوصی محبت فیصل آباد زون کے لیے اس لیے ہے کہ میری کامیابیوں کا آغاز اسی زون سے وابستہ ہے۔ میری دعا ہے کہ فیصل آباد زون اسی طرح ترقی کے راستے پر گامزن رہے۔ آمین۔



جناب مقصود احمد چوہدری زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد، سیکٹر ہیڈ جناب محمد اقبال کچھی کو شاندار کارکردگی پر مبارک باد دیتے ہوئے



جناب مقصود احمد چوہدری و زونل ہیڈ جناب محمد رمضان شاہد سیکٹر ہیڈ چوہدری غلام رسول کو اعلیٰ کارکردگی پر شیلڈ پیش کرتے ہوئے

رپورٹ: معظم علی معظم

فیصل آباد زون




پرنسپل آفس کراچی

# کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے کہنہ مشق افسران کی ریٹائرمنٹ

## الوداعیہ میں جناب اعجاز رشید اور ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی کی خدمات کو خراجِ تحسین

کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ کے ڈپٹی منیجر جناب اعجاز رشید گزشتہ 35 سال سے اسٹیٹ لائف سے وابستہ تھے انہوں نے زیادہ تر وقت کمپیوٹر ڈویژن میں گزارا تاہم گزشتہ دس سال سے سی سی ڈی سے منسلک تھے۔ وہ سادہ، کم گو اور مرنجان مرنج طبیعت کے مالک تھے اور ڈپارٹمنٹ کی مجموعی ذمہ داریاں نبھاتے تھے۔ جب کہ ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی گزشتہ 32 سال سے اسی شعبہ سے وابستہ رہے۔ وہ ہمہ جہتی شخصیت کے مالک ہونے کے ناتے میڈیا میں کافی مقبول تھے۔ حضرت علامہ اقبالؒ کے کلام کا ذکر ان کا محبوب ترین مشغلہ تھا اور اس کا بیشتر حصہ انہیں زبانی یاد تھا۔ ادب اور فلسفہ سے خاصی رغبت تھی۔ شعبے کے تخلیقی کاموں میں مددگار ثابت ہوتے رہے۔ میر، غالب اور اقبال کے دلدادہ تھے۔ میڈیا ریلیشنز کی ذمہ داریاں بخوبی نبھاتے رہے۔ اسٹیٹ لائف اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے بہترین تعلقات کی اہم وجہ ڈاکٹر بشیر صدیقی بھی رہے۔ موصوف بہترین خطاط بھی ہیں۔ ان کی خطاطی کے نمونے پرنسپل آفس میں بھی نظر آتے رہتے ہیں۔ ''اسپاٹ لائٹ'' سے ''تحفظ'' تک کے سفر میں بھی ان کی کاوشیں شامل رہیں، چناں چہ تحفظ کے ساتھ ان کی گہری وابستگی اور تعاون رہتا تھا۔ راقم الحروف کو اکثر تنقید کا نشانہ بناتے۔



ڈاکٹر بشیر احمد صدیقی کے لیے جناب مظفر احمد کا گلہائے عقیدت




ڈی جی ایم جناب مظفر احمد جناب اعجاز رشید کو پھول پیش کرتے ہوئے

کارپوریشن کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ نے دونوں افسران کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ان کے اعزاز میں الوداعیہ دیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی جنرل منیجر جناب مظفر احمد تھے۔ انہوں نے دونوں افسران کے اوصاف حمیدہ پر روشنی ڈالتے ہوئے شعبے میں ان کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ ان افسران کی کمی ہمیں محسوس ہوتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ کے تعلقاتِ عامہ اور تشہیری مہمات کے سلسلے میں ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وہ کارپوریشن سے ریٹائر ہوئے ہیں ہمارے دلوں سے نہیں۔ انہوں نے ان کی صحت و سلامتی اور تندرستی کی دعا کی۔

اس موقع پر دونوں افسران نے اظہار خیال کیا اور تمام رفقا کار کا شکریہ ادا کیا اور کارپوریشن کی ترقی و سلامتی کے لیے دعائیں کیں۔ جناب مظفر احمد نے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے جذبہ خیر سگالی کے ساتھ تحائف پیش کیے۔ بعدازاں سب دوست عشائیہ میں شریک ہوئے۔



(رپورٹ محمد اعظم شاکر)



شرکاء یادیں تازہ کرتے ہوئے




سی سی ڈی کے کارکنان وافسران کا گروپ فوٹو



سینٹرل ریجن

# سرگودھا زون میں آفیسرز ایسوسی ایشن کی جانب سے تقریب کا انعقاد



ترقی پانے والے افسران کا صدر آفیسرز ایسوسی ایشن اور دیگر نمائندوں کے ساتھ گروپ فوٹو



ترقی پانے والے سیکٹر ہیڈز، زونل سربراہ جناب طاہر محمود چیمہ، صدر آفیسر ایسوسی ایشن ڈاکٹر عبدالوحید کے ہمراہ اسٹیج پر تشریف فرما ہیں

گزشتہ دنوں سرگودھا زون میں آفیسر ایسوسی ایشن کی طرف سے ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں عید ملن پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا اور نئے اپائنٹمنٹ اور دوسرے زون سے ٹرانسفر ہونے والے افسران کو ویلکم کیا گیا اور پروموشن پانے والے آفیسرز بطور سیکٹر ہیڈ مبارک باد دی۔
جس کی صدارت زونل ہیڈ سرگودھا زون جناب طاہر محمود چیمہ نے کی اسٹیج سیکریٹری کے فرائض جناب مہر فرخ رضا (جنرل سیکریٹری آفیسرز ایسوسی ایشن) نے انجام دیے۔
تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا پروموشن پانے والے آفیسرز بطور سیکٹر ہیڈز، آفیسرز جناب عنایت اللہ نیازی، جناب نور محمد نوری، چوہدری محمد سرور جبکہ نئے جناب اویس علی شیخ اور جناب فاروق راشد اور ٹرانسفر ہونے والے ملک اسد، آغا اقبال اور چوہدری افضل طاہر کو جناب طاہر محمود چیمہ اور صدر آفیسر ایسوسی ایشن ڈاکٹر عبدالوحید نے پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ (رپورٹ: فیصل اقبال، سرگودہا زون)

## Promotions

## اسسٹنٹ جنرل منیجرز کی ترقیاں

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق 18 اے جی ایم کو ڈی جی ایم کے عہدوں پر ترقی دے کر نئی جگہ تعینات کیا گیا ہے۔ سرکلرز کے مطابق جناب مسرور احمد خان کو پی اینچ ایس سدرن ریجنل آفس، جناب نصیر الدین بٹ پی اینچ ایس سینٹرل ریجن، جناب جاوید اقبال کو پی اینڈ جی ایس (لاہور سینٹرل زون)، جناب ایس ایم عباس رضوی کو مارکیٹنگ (کراچی سینٹرل زون)، ڈاکٹر احمد فاروق کو پرنسپل آفس (ایچ آئی ڈی)، جناب ایم سعید خان زونل ہیڈ (کراچی ایسٹرن زون)، جناب در محمد بالادی زونل ہیڈ حیدر آباد زون، جناب طاہر محمود چیمہ، زونل ہیڈ سرگودہا، جناب ایم اقبال گل زونل ہیڈ کراچی سدرن زون، جناب ایم ذوالفقار علی گیلانی، زونل ہیڈ سیالکوٹ زون، جناب ایم داؤد ناصر زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن زون، جناب مسعود الرحمٰن ایف اینڈ اے نادرن ریجن، جناب مشتاق احمد ایف اینڈ اے پرنسپل آفس، جناب زیڈ ایم کامران شمسی، زونل ہیڈ بہاولپور، جناب عدنان سمیع اللہ زونل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن کراچی، جناب مظفر احمد کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ پرنسپل آفس، جناب محمد رمضان شاہد زونل ہیڈ فیصل آباد زون اور ڈاکٹر ایم اختر رحمانی، سینٹرل ریجن آفس پی او میں تعینات کیا گیا ہے۔ مذکورہ افسران کی ترقی ان کی غیر معمولی کارکردگی کے اعتراف میں دی گئی ہے سینئر انتظامیہ کی جانب سے اس امید کا اظہار کیا گیا ہے کہ تمام افسران پہلے سے بڑھ کر کارپوریشن کی ترقی و استحکام نیز بیمہ داروں کو بہترین خدمات فراہم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے اور اپنی بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

ادارہ تحفظ تمام ترقی پانے والے ڈی جی ایم کو نئے عہدوں پر تعیناتی پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔ (تحفظ رپورٹ)

## ایریا منیجرز سے منیجرز مارکیٹنگ کے عہدوں پر ترقیاں

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق 36 ایریا منیجرز کو منیجر مارکیٹنگ کے عہدوں پر ترقی دی گئی ہے جو ان کی غیر معمولی کارکردگی کا اعتراف ہے۔ ترقی پانے والوں میں سینٹرل ریجن کے 16، ملتان ریجن کے 9، نادرن ریجن سے 6، اور سدرن ریجن سے 5 ایریا منیجرز کو ترقی دی گئی۔ ترقی پانے والے تمام افسران کو تحفظ کی جانب سے اس امید کے ساتھ ہدیہ مبارک پیش کیا جاتا ہے کہ وہ کارپوریشن کی ترقی واستحکام نیز بیمہ داروں کو بہترین خدمات فراہم کرنے کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں رکھیں گے اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مہارت کے ساتھ نہایت دیانت داری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ ترقیوں پر فوری عمل درآمد ہوگا۔ ادارہ تحفظ تمام ترقی پانے والے منیجرز مارکیٹنگ کو نئے عہدوں پر تعیناتی پر مبارک باد پیش کرتا ہے۔




سینٹرل ریجن

# لاہور میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن اور مارکیٹنگ کا اجلاس

گزشتہ دنوں فیلڈ ورکرز فیڈریشن آف پاکستان اور مارکیٹنگ ڈویژن کے مابین لاہور میں اجلاس منعقد ہوا جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیالات کیا گیا۔ فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے صدر محمد اصغر، ایڈیشنل سیکریٹری جنرل ساجد محمود شیخ، چیف کوآرڈینیٹر راجہ محمد زمان خان، ریجنل کوآرڈینیٹر (سینٹرل) سید حسن عباس حسینی، ریجنل کوآرڈینیٹر مرزا ناصر بیگ، ریجنل کو آرڈینیٹر (ساؤتھ) راجہ مظفر حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شیر اعوان، سیکریٹری فنانس قمر الزمان بٹ اور ایڈیشنل سیکریٹری اطلاعات جاوید قادر شریک ہوئے جبکہ انتظامیہ کی جانب سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ محمد اذکار خان، ریجنل چیفز مقصود احمد چوہدری، ریجنل چیف طاہر احمد خان، ریجنل چیف ایس ایچ رضا اور جناب خالد منصور (نارتھ) شامل ہوئے۔

اجلاس میں دونوں جانب سے اسٹیٹ لائف اور فیلڈ ورکرز سے متعلق معاملات زیر بحث آئے۔ بعض معاملات پر باہمی اتفاق رائے پایا گیا۔

اس کے بعد صدر محمد اصغر نے فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے ریٹائر ہونے والے ریجنل چیف مدد علی انجم کو ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں گلدستہ اور تحائف بطور نذرانہ عقیدت پیش کیے جبکہ انہی جذبوں اور احساسات کے ساتھ ریجنل چیف (نارتھ) خالد منصور کا پھولوں اور نیک خواہشات کے ساتھ استقبال کیا کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ فیلڈ ورکرز کے معاملات کو بھی مثبت انداز میں لے کر چلیں گے۔ آخر میں صدر محمد اصغر کی جانب سے حاضرین سے اظہار تشکر کیا گیا۔



جناب اذکار خان کو فیلڈ ورکرز فیڈریشن کے صدر جناب محمد اصغر گلدستہ پیش کرتے ہوئے، مقصود احمد چوہدری اور ساجد محمود شیخ نمایاں ہیں



مذاکراتی اجلاس سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اذکار خان اظہار خیال کرتے ہوئے

## توجہ فرمائیے

تحفظ کی خوبصورتی کا انحصار آپ کے قلمی تعاون پر ہے ہمارے بعض دوست اپنی سرگرمیوں کے سلسلہ میں محض تصاویر بھیج دینے پر ہی اکتفا کرتے ہیں اور اکثر اوقات تصاویر بھی بغیر کیپشن کے ارسال کی جاتی ہیں۔ بہر کیف آپ سے ہماری درخواست ہے کہ آپ کے زون، سیکٹر، ڈویژن ڈپارٹمنٹ یا ایریا آفس سے جو بھی سرکلر جاری ہو اس کی ایک کاپی خاص طور پر تحفظ کے نام بھی بھیج دی جائے۔ زونل دفاتر سے گاہے گاہے جاری ہونے والے کاروباری مقابلوں کے اعلانات کی کاپی ارسال کی جائیں۔ کلیمز سے متعلق خبریں اور تصاویر جو تکنیکی اعتبار سے صاف اور واضح ہوں جن کی تفصیلات ایک الگ کاغذ پر لکھ کر تصاویر کی پشت پر چپکا دی گئی ہوں، فراہم کر دی جائیں۔

تاہم خیال رہے کہ ہر رپورٹ اور تصویر یا سرکلر یا تعزیت اور مبارک باد کی خبر متعلقہ زونل ہیڈ، ڈویژنل ہیڈ یا ایریا منیجر سے تصدیق شدہ ہو۔ ہمیں آپ سے مکمل تعاون کی امید ہے۔

## ضلع بدین میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ہیلتھ انشورنس منصوبہ

پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق اسٹیٹ لائف ضلع بدین میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت 94,441 مستحق خاندانوں کو گروپ ہیلتھ انشورنس کی فراہمی کے لیے منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ اسپتال میں داخل مستحق مریضوں کو میڈیکل کی سہولتیں فراہم کی جائیں گی جبکہ ضلع بدین کے ملحقہ علاقوں کے علاوہ حیدرآباد اور ٹنڈو محمد خان کے اسپتالوں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ اس ضمن میں اسپتالوں کی رجسٹریشن کے لیے آفیسرز کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس کی کنوینر چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر غزالہ نفیس، ممبر قائم مقام اے جی ایم (جی ایس) جناب امتیاز علی پٹھان اور سیکریٹری ڈپٹی منیجر (ہیلتھ انشورنس) جناب حفیظ الدین ہوں گے۔

## ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے فرائض منصبی میں ردوبدل

پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن کے جاری کردہ سرکلر نمبر پی اینڈ جی ایس/ پی او/ 454/ 2012 کے مطابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے فرائض منصبی میں دوبارہ تبدیلی کی گئی ہے۔ سرکلرز کے مطابق ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب عبدالحفیظ شیخ کو فنانس اینڈ اکاؤنٹس ڈویژن اور ایکچوئریل ڈویژن کا قلمدان دیا گیا ہے جبکہ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب محمد اسلم حیات کو پرسونل اینڈ جنرل سروسز ڈویژن، گروپ اینڈ پینشن ڈویژن اور ہیلتھ انشورنس ڈویژن کے امور تفویض کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب شعیب میر میمن کو انفارمیشن ٹیکنالوجی اور لیگل افیئر ڈویژن کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔



# تصویری خبرنامہ



اسکردو بلتستان میں اے جی ایم جناب محمد شفیق مغل کے ہمراہ فاؤنڈیشن کورس کے اختتام پر ایریا منیجر جعفر حسین تقریب سے خطاب کرتے ہوئے



کراچی ایسٹرن زون کے زونل سربراہ ایم سعید خان انچارج آئی ٹی مرزا فرحان بیگ کے ساتھ نئے آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے



کراچی ایسٹرن زون کے آفس اسسٹنٹ کا ترقی پانے کے بعد زونل سربراہ جناب ایم سعید خان کے ساتھ گروپ فوٹو



علمی، ادبی اور ثقافتی شخصیات کے ساتھ تصاویر بنوانے اور چھپوانے میں ہمارے بعض دوست کوئی موقع نہیں جانے دیتے۔ ان کی خدمات کے اعتراف کی تقریبات میں ان سے اپنی عقیدت و محبت کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے ساتھ بنوائی گئی اپنی تصویر بھی مختلف جرائد و اخبارات میں چھپوائی جاتی ہیں۔ مذکورہ تصویر ملک کے بڑے اخبارات کی زینت بنی ہے، اس لیے ہم بھی شائع کر رہے ہیں۔ جناب سہیل اقبال کو اس تصویر سے جو خوشی حاصل ہوگی اس میں ہم بھی شامل ہیں۔ سیکرٹری جنرل جناب سہیل اقبال خان، اسٹیٹ لائف پرنسپل آفس کلب کی جانب سے معروف ڈرامہ رائٹر محترمہ حسینہ معین کو اعترافِ کمال کی تقریب میں گلدستہ دے رہے ہیں۔ ہماری آرزو ہے کہ کسی اعلیٰ کارنامے پر گلدستہ لیتے ہوئے بھی ہم ان کی کوئی تصویر شائع کرنے کا اعزاز پائیں (ادارہ)



ماہ نومبر میں منعقدہ فاؤنڈیشن کورس کی ورکشاپ کے اختتام پر لیا جانے والا گروپ فوٹو، زونل سربراہ ذوالفقار علی گیلانی، FMD شعبہ کے انچارج و منیجر سید فاخر حسین رضوی اور P&Gs شعبہ کے انچارج ارشاد الرحمٰن درمیان میں نمایاں ہیں



سیالکوٹ زونل آفس میں MOSC کورس کے اختتام پر لیا جانے والا گروپ فوٹو، زونل سربراہ ذوالفقار علی گیلانی اور انچارج و منیجر سید فاخر حسین رضوی ہمراہ موجود ہیں

تحفظ اور خوش حالی کی ضمانت



# تصویری خبرنامہ




حیدر آباد زون میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محسن ایس حقانی سدرن ریجن کی زونل ہیڈز اور سیکٹر ہیڈز کانفرنس کی صدارت کر رہے ہیں۔اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب محمد اذکار خان اور ریجنل چیف سید حسن رضا بھی موجود ہیں




حیدر آباد زون میں سدرن ریجن کی کانفرنس میں فیلڈ ورکرز کے صدر جناب میر حسن مغیری ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب محسن ایس حقانی کو اجرک کا تحفہ پیش کر رہے ہیں




چوہدری مدد علی انجم کی ریٹائرمنٹ پر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کی طرف سے تحائف اور پھول پیش کیے جا رہے ہیں



فیصل آباد زون کے ایریا منیجر جناب محمد سرور نے گزشتہ دنوں 400 سے زائد معزز بیمہ داران اور متوقع بیمہ داران کو دعوت دی اور پریزنٹیشن کا بھی اہتمام کیا،اس موقع پر زونل سربراہ فیصل آباد زون جناب محمد رمضان شاہد جناب محمد اکبر مغل



فیصل آباد زون میں ایک ارب سے زائد پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا اور اسی خوشی میں کیک کاٹا جا رہا ہے

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں



ملتان زون: زونل سربراہ چوہدری اختر حسین مرحوم سیلز آفیسر غلام فاروق کی بیوہ کو مبلغ 24 لاکھ 15 ہزار کا چیک گروپ انشورنس کوریج کا دے رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ زفرخ رضا باجوہ، محبوب عالم، ایریا منیجر دلاور حسین اور انچارج ایجنسی جاوید فاروقی بھی نمایاں ہیں



لاہور سینٹرل زون: زونل سربراہ جناب نجم الحسن پالیسی ہولڈر جناب شیخ منظور حسین کو میچورٹی کلیم کا چیک مبلغ 22 لاکھ 39 ہزار 800 روپے پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ایریا منیجر طارق منصور اور محمد مبشر حنیف ہمراہ کھڑے ہیں



میر پور آزاد کشمیر زون: زونل ہیڈ چوہدری محمد یوسف فاروقی، محمد لطیف مرحوم کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ 2 لاکھ روپے مرحوم کے بیٹے کو دے رہے ہیں، تصویر میں سیکٹر ہیڈ ساجد اقبال اور ایریا منیجر طارق محمود بھی نظر آرہے ہیں



ملتان زون: ایریا منیجر جناب شاہد حسن شکرانی، بیمہ دار مرحوم جاوید خان خاکوانی کے بیٹے عادل خان خاکوانی کو ڈیتھ کلیم کا چیک مبلغ 27 لاکھ 27 ہزار دے رہے ہیں



سرگودھا زون: سیلز آفیسر جناب محمد نواز انجم مرحوم کی بیوہ اور بچے کو سیکٹر ہیڈ پیرزادہ اشتیاق احمد، سیلز منیجر محمد عمران گوندل اور سیلز آفیسر محمد منیر مبلغ 12 لاکھ روپے گروپ انشورنس کا چیک پیش کر رہے ہیں



فیصل آباد زون: محمد یعقوب خان (مرحوم) کی بیوہ کو مبلغ 10 لاکھ 55 ہزار 360 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک پیش کیا جارہا ہے۔ اس موقع پر ایریا منیجر رانا سجاد اکبر، سیلز آفیسر محمد وارث سپرا اور مرحوم کی فیملی کے دیگر افراد بھی نمایاں ہیں




# مختصر خبریں

انتقالِ پُر ملال



## سید شوکت حسین کاظمی انتقال کر گئے

اسٹیٹ لائف کے ریٹائرڈ جنرل منیجر مارکیٹنگ سید شوکت حسین کاظمی گزشتہ دنوں علالت کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔

ان کی نماز جنازہ مسجد وامام بارگاہ یثرب، ڈیفنس کراچی میں ادا کی گئی جس میں کارپوریشن کے اعلیٰ افسران، اسٹاف ممبران اور ان کے رفقاء کار، عزیز واقربا نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

مرحوم نہایت ذمہ دار، کہنہ مشق، ملنسار اور ہردلعزیز شخصیت کے مالک تھے۔ مرحوم نے اپنے کیریئر کا آغاز 1973ء میں سیلز نمائندہ کی حیثیت سے کیا۔ انہیں بیمہ زندگی کی فروخت کے سلسلے میں ذاتی تجربات ومشاہدات کے باعث پیشہ ورانہ تربیت میں منفرد مقام حاصل تھا وہ ایک ایجنسی آفس کو ادارے کی طرح چلاتے تھے۔ 1992ء میں بحیثیت ایریا منیجر پہلا کنوینشن کوالیفائی کیا اس دوران انہیں کئی انعامات اور گولڈ میڈل حاصل کیے۔ وہ اس دوران کروڑ پتی ایریا منیجرز میں شامل تھے۔ بعدازاں انہیں ان کی بہترین کارکردگی کی بدولت ڈبل پروموشن سے نوازا گیا اور وہ اے جی ایم ہوگئے۔ بعدازاں زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون ہوگئے۔ وہ کراچی سدرن زون کے سربراہ بھی رہے تاہم انہیں ریجنل چیف سدرن ریجن کی اضافی ذمہ داریاں بھی سونپ دی گئیں۔ مزید برآں انہیں پرنسپل آفس کے مارکیٹنگ ڈویژن میں ٹرانسفر کردیا گیا اور وہ مارچ 2009ء کو ڈی جی ایم کے عہدے پر فائز ہوئے اور جناب سلطان اے شیخ کی ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کی ذمہ داریاں سونپی گئیں اور اسی دوران اگست 2011ء کو ان کی جنرل منیجر کے عہدے پر ترقی ہوئی انہوں نے کمال فن سے مارکیٹنگ ڈویژن کے بزنس کو آگے بڑھایا۔ خدائے بزرگ وبرتر ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کے پسماندگان کو صبر عطا فرمائیں۔ (آمین)

## اہم اعلانات

گزشتہ دنوں پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے جاری کردہ مختلف اعلامیوں کے مطابق

- پی ایچ ایس ڈویژن کے جنرل منیجر جناب نسیم الحق کو فوری طور پر تبدیل کر کے رئیل ایسٹیٹ ڈویژن پرنسپل کا جنرل منیجر وڈویژنل ہیڈ تعینات کیا گیا ہے۔
- زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب محمد خالد شیخ گزشتہ دنوں ریٹائرڈ ہوگئے۔ ان کی جگہ زونل ہیڈ کراچی ایسٹرن زون جناب محمد سعید خان کو ایسٹرن زون کی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ کراچی سینٹرل زون کی اضافی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔
- پی اینڈ جی ایس ڈویژن کے قائمقام جنرل منیجر جناب محسن عباس کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے ڈویژنل ہیڈ (ریسرچ اینڈ انیلسز) ڈویژن میں تعینات کیا گیا ہے جبکہ ان کی جگہ شعبہ میڈیکل کی جنرل منیجر محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس کی پی اینڈ جی ایس ڈویژن میں تقرری عمل میں لائی گئی ہے۔

# صحت کی خبریں

انتخاب: ڈاکٹر غزالہ نفیس، جنرل منیجر (پی اینڈ جی ایس)

یہ معلومات مختلف رسالوں اور جریدوں سے منتخب کر کے یکجا کی جارہی ہیں تاکہ مطالعہ کرنے والے ان سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہوسکیں اور اچھی صحت کے حامل قرار پائیں۔

### صفائی نصف ایمان ہے

یہ بات ہم سب اچھی طرح جانتے ہیں کہ صاف ستھرا رہنے سے ہم بہت سی بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔ روز نہانا اور دھلے ہوئے کپڑے پہننا ایک اچھی عادت ہے اور بیماریوں سے بچاؤ کا طریقہ بھی۔ اگر آپ خود کو اور اپنے ماحول یعنی جہاں آپ رہتے ہیں اس جگہ کو بھی صاف رکھیں گے تو صحت مند ماحول میں رہیں گے اور تندرست رہیں گے۔ اس کے علاوہ روح کی پاکیزگی کے لیے پابندی سے نماز پڑھنا اور ذکر الٰہی بھی لازم وملزوم ہے۔

### گندے دانتوں سے حملہ قلب (ہارٹ اٹیک) کا خطرہ

برطانوی سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ جو لوگ روزانہ دن میں دو مرتبہ دانت کو برش نہیں کرتے ان کو دل کی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے امکانات زیادہ ہوتے ہیں۔ ان سائنس دانوں کے مطابق منہ میں سوجن پیدا کرنے والا بیکٹر یا (Bacteria) دانتوں کی صفائی نہ کرنے کی صورت میں خون میں شامل ہوجاتا ہے اور انسانوں کی خون کی نالیوں کو بند کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

### کیا آپ لڑکے کی پیدائش کے خواہش مند ہیں؟

ہمارے مذہب کے مطابق لڑکے کی پیدائش نعمت اور لڑکی کی پیدائش رحمت ہے یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ دونوں صورتوں میں ہمیں خوشیوں سے نوازتا ہے لیکن عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ بیٹی کی پیدائش کے بجائے بیٹے کی پیدائش کو زیادہ خوش گوار طریقے سے خوش آمدید کیا جاتا ہے اور بعض فرسودہ گھرانوں میں تو بیٹی کی پیدائش پر باقاعدہ افسوس کا اظہار کیا جاتا ہے اور نوبت رونے دھونے تک پہنچ جاتی ہے جبکہ جدید تحقیق کہتی ہے اور ماہرین کا خیال ہے کہ لڑکیاں گھر میں خوشیاں لاتی ہیں اور لڑکے پریشانی کا باعث بنتے ہیں۔
ماہرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ بہنیں گھر میں اتفاق پیدا کرتی ہیں اور کھل کر بات کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں جبکہ لڑکوں کا رویہ اس کے برعکس نظر آتا ہے۔ لڑکیاں گھر کی رونق ہوتی ہیں اور والدین کی سب سے بڑی غم خوار بھی۔
ماہرین نے 17 سے 25 سال کی عمر کے لوگوں سے ان کی زندگی کے بارے میں سوالات کیے جن کے بعد یہ انکشاف ہوا کہ وہ لڑکے جنہوں نے اپنی بہنوں کے ساتھ پرورش پائی زیادہ خوش اور متوازن شخصیت کے حامل ہوتے ہیں۔

# تحفظ

جنوری 2013ء

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ (صرف کارکنان کے لیے)



اسٹیٹ لائف بلڈنگ سے گر کر ہلاک ہونے والے جناب اویس بیگ کے بھائی محمد حمزہ بیگ کی تعلیم کے لیے ان کے والد عبدالرشید بیگ کو چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی مبلغ -/2,50,000 روپے کی پہلی قسط دے رہے ہیں، تصویر میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر پی اینڈ جی ایس جناب محمد اسلم حیات، جنرل منیجر پی اینڈ جی ایس محترمہ ڈاکٹر غزالہ نفیس اور زونل ہیڈ جناب محمد سعید خان نمایاں ہیں



لاہور میں فیلڈ ورکرز فیڈریشن کی جانب سے چاروں ریجنل چیفز کا خیر مقدم



حیدرآباد زون میں سدرن کانفرنس کے شرکا تشریف فرما ہیں